رہائشی عدم تحفظ حقائق نامہ

McKinney-Vento Children
وہ کون ہیں؟

وہ بچے جنہیں رات گزارنے کے لیے کوئی مقررہ، باقاعدہ، اور مناسب قیام گاہ میسر نہیں ہوتی وہ McKinney-Vento خدمات کے اہل ہوتے ہیں۔ بالعموم، موٹلز، عارضی رہائش گاہوں، پناہ گاہوں، گلیوں، گاڑیوں، خالی عمارتوں، اور دیگر نامناسب مقامات میں رہنے والے بچوں یا نو عمر نوجوانوں کو -McKinney Vento خدمات کے لیے اہل سمجھا جا سکتا ہے۔ درج ذیل گروہ اس میں شامل ہیں، لیکن یہ صرف انہی تک محدود نہیں:

کمرے کا اشتراک کرنے والے بچے: وہ بچے جو مستقل رہائش میسر نہ ہونے کے باعث کسی اور خاندان کے ساتھ رہائش پذیر ہوں

پناہ گاہوں میں مکین بچے: عارضی رہائشی پروگرامز شامل ہیں

موٹلز میں رہائش پذیر بچے: وہ جو مناسب متبادل رہائشی صورتحال کی عدم موجودگی کے سبب موٹلز میں رہتے ہ وں

مہاجر بچے: اگر رہائش گاہیں ان کے قیام کے لیے موزوں نہ ہ وں

گھر سے بھاگنے والے*: وہ بچے جو گھر چھوڑ چکے ہوں اور کسی پناہ گاہ یا نامناسب قیام گاہ میں رہائش پذیر ہوں، اگرچہ ان کے والدین گھر فراہم کرنے کے لیے تیار ہ وں

در بدر*: وہ بچے جنہیں ان کے والدین یا سرپرست گھر پر رہنے کی اجازت نہیں دیں گے

*یہ دونوں زمرہ جات تنہاء بے گھر نو عمر نوجوانوں کے ہیں۔ یہ بچے اپنے والدین یا عدالت کی جانب سے مقرر کردہ سرپرستوں کی طبعی تحویل میں نہیں ہیں اور انہیں ایک مقررہ، باقاعدہ، اور مناسب قیام گاہ میسر نہیں۔

McKinney-Vento Children
ان کے حقوق کیا ہیں؟

تعلیمی پروگرام برائے بے گھر بچے و نو عمر نوجوانان، جو کہ McKinney-Vento ایکٹ برائے بے گھری میں معاونت کا حصہ ہے، یقینی بناتا ہے کہ اہل بچوں کو درج ذیل حقوق حاصل ہ وں:

اسکول کا انتخاب: McKinney-Vento خدمات کے اہل بچے اپنے اصل اسکول میں جا سکتے ہیں (وہ اسکول جہاں آخری بار انہوں نے تعلیم حاصل کی تھی یا وہ اسکول جس میں بچہ مستقل رہائش سے محرومی کے وقت زیر تعلیم تھا) یا اس اسکول میں حاضر ہو سکتے ہیں جو ان کی عارضی رہائشی صورتحال (نگہداشت فراہم کار کے انتخاب) کے مطابق ہے

فوری اندراج: خواہ اندراج کے وقت طبی یا دیگر ریکارڈز، پیدائش کے سرٹیفکٹس، یا ٹرانسکرپٹس پیش نہ کیے جا سکتے ہ وں

آمدورفت: درخواست کرنے کی صورت میں، آمدورفت لازمی فراہم کی جانی چاہئیے

پری اسکول: اہل نوعمر افراد کے لیے پری اسکول پروگرامز پر ترجیحی غ ور

مفت لنچ اور فیس کے باز نامے: مفت لنچ کے لیے واضح طور پر اہل اف راد

تمکلاتی ٹیوٹرنگ: اگر درکار ہ و

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ McKinney-Vento خدمات کے لیے اہل ہو سکتے ہیں، تو براہ کرم اپنے اسکول کے McKinney-Vento کے رابطہ کار سے رابطہ کری ں۔

مزید معلومات کے لیے آپ اپنے علاقائی McKinney-Vento کے رابطہ کار سے بھی رابطہ کر سکتے ہی ں۔

isbe.net/Pages/Homeless.aspx

Illinois State Board of Education